سوال

کیا ماموکی بیٹی سے پیار کرنا جائز ہے؟؟اور کیا شادی ہو سکتی ہے؟

جواب

ماموں کی بیٹی سے خفیہ محبت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں پچھلے آٹھ سال سے اپنے ماموں کی بیٹی سے محبت کرتا ہوں، اور یہ بات سوائے اللہ کے اور میرے، کسی کو بھی معلوم نہیں۔ حتیٰ کہ ماموں کی بیٹی کو بھی نہیں۔ جس سے میں اتنے عرصے سے محبت کرتا ہوں۔ کیا یہ اس طرح کا محبت جائز ہے؟ میری عمر۲۳ سال ہے اور میں باہر ملک میں رہتا ہوں، براہ مہربانی مجھے اسلام کی روشنی میں آگاہ کریں۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر آپ نے اپنی اس محبت کو اپنے دل میں چھپا رکھا ہے اور یہ خیالات سے بڑھ کر کچھ نہیں ہے تو یہ اگرچہ انسان کے بس کی بات نہیں ہے، لیکن پھر بھی یہ ایک غیر شرعی فکر اور سوچ ہے جو بعد میں انسان کو گناہ کی طرف بھی لے جا سکتی ہے۔ آپ اپنے دل میں اللہ کی محبت پیدا کریں۔ اور اس غیر شرعی محبت کو نکاح اور شادی کے ذریعے شرعی محبت میں تبدیل کر لیں۔ کیونکہ میاں بیوی کی محبت پر انہیں ثواب ملتا ہے۔ آپ کو چاہیئے کہ اپنے والدین کے ذریعے جلد از جلد اپنے ماموں کے گھر نکاح کا پیغام بھیجیں اور اپنی اس محبت کو شریعت مطہرہ کی روشنی میں پاکیزہ کر لیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے دل میں دین اور اسلام کی محبت پیدا فرمائے۔ آمین ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ